ماڈیول ۲۲

حدیث نمبر37

نیکیوں کی ترغیب

حضرت ابن عباس رضي الله عنه سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"بے شک اللہ تعالیٰ نے نیکیوں اور برائیوں کو لکھ دیا ہے اور ان کی وضاحت فرمادی ہے۔ جو شخص کسی نیکی کا پختہ ارادہ کرے اور عمل نہ کرے، تو اللہ اس کے لیے ایک مکمل نیکی لکھ دیتا ہے۔ اگر وہ نیکی کا ارادہ کرے اور عمل بھی کرے، تو اللہ اس کا ثواب دس نیکیوں سے لے کر 700 گنا تک لکھتا ہے، یا اس سے بھی زیادہ۔ اور جو شخص کسی برائی کا ارادہ کرے لیکن اس پر عمل نہ کرے، تو اللہ اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے۔ لیکن اگر وہ برائی کا ارادہ کرے اور اس پر عمل کرے، تو صرف ایک برائی لکھی جاتی ہے۔"

اللہ تعالیٰ کا علم اور فضل:

اس حدیث میں اللہ کے علم اور اس کی رحمت کا ذکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہر چیز پہلے سے موجود ہے، اور اس نے نیکیوں اور برائیوں کو اپنے علم اور لوحِ محفوظ میں لکھ دیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے علم میں انسانی ارادے اور اعمال کا پورا تسلسل موجود ہے۔

نیکی کا ارادہ اور ثواب:

- اگر کوئی شخص صرف نیکی کا ارادہ کرے اور کسی وجہ سے عمل نہ کر سکے (مثلاً کسی مجبوری کی وجہ سے)، تو بھی اللہ اس کے لیے ایک مکمل نیکی لکھ دیتا ہے۔

- اگر نیکی کا ارادہ کرے اور اس پر عمل بھی کرے، تو اللہ اس کا ثواب دس گنا، 700 گنا، یا اس سے زیادہ تک لکھتا ہے۔ یہ ثواب انسانی اخلاص، عمل کی شرعی اصولوں کے مطابق ہونے اور اس کی محنت پر مبنی ہوتا ہے۔

برائی کاارادہ اور اللہ کا کرم:

- اگر کوئی شخص برائی کاارادہ کرے لیکن اللہ کے خوف یا اپنی شرم کی وجہ سے اس پر عمل نہ کرے، تو اللہ اس چھوڑ دینے کو ایک مکمل نیکی لکھتا ہے۔ یہ اللہ کے کرم کی انتہا ہے۔
- اگر کوئی برائی کاارادہ کرے اور اسے دنیاوی خوف کی وجہ سے چھوڑ دے، تو اس پر علماء کا اختلاف ہے کہ نیکی لکھی جاتی ہے یا نہیں۔
- اگر کوئی برائی کا پختہ ارادہ کرے اور کر نہیں پایا کسی بیرونی وجہ سے، تو گناہ لکھ دیا جاتا ہے۔۔
- اگر کوئی برائی کاارادہ کرے اور اس پر عمل بھی کرے، تو صرف ایک برائی لکھی جاتی ہے۔

اللہ کے عذاب میں اضافہ نہیں ہوتا، لیکن نیکی کے ثواب میں اللہ کا فضل اضافہ کر سکتا ہے۔

Hadees Number 37

Nekiyon Ki Targhib

Hazrat Ibn Abbas رضي الله عنه se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya:
"Be shak Allah Ta'ala ne nekiyon aur buraiyon ko likh diya hai aur un ki wazahat farma di hai. Jo shaks kisi neiki ka pukhta irada kare aur amal na kare, to Allah uske liye ek mukammal neiki likh deta hai. Agar woh neiki ka irada kare aur amal bhi kare, to Allah uska sawab das nekiyon se lekar 700 guna tak likhta hai, ya us se bhi zyada. Aur jo shaks kisi burai ka irada kare lekin us par amal na kare, to Allah uske liye ek neiki likhta hai. Lekin agar woh burai ka irada kare aur us par amal kare, to sirf ek burai likhi jati hai."

Allah Ta'ala ka Ilm aur Fazl:

Is hadees me Allah ke ilm aur uske rehmat ka zikr hai. Allah Ta'ala ke ilm me har cheez pehle se maujood hai, aur usne nekiyon aur buraiyon ko apne ilm aur loh-e-mahfooz me likh diya hai. Is se maloom hota hai ke Allah ke ilm me insani irade aur aamaal ka pura tasalsul hai.

Neiki ka Irada aur Sawab:

- Agar koi shaks sirf neiki ka irada kare aur kisi wajah se amal na kar sake (maslan kisi majboori ki wajah se), to bhi Allah uske liye ek mukammal neiki likh deta hai.
- Agar neiki ka irada kare aur us par amal bhi kare, to Allah uska sawab das guna, 700 guna, ya is se zyada tak likhta hai. Yeh sawab insani ikhlas, amal ki shara'i asoolon ke mutabiq hone, aur uski mehnat par mabni hota hai.

Burai ka Irada Aur Allah Ka Karam:

- Agar koi shaks burai ka irada kare lekin Allah ke khauf ya apni sharm ke wajah se us par amal na kare, to Allah is chor dene ko ek mukammal neiki likhta hai. Yeh Allah ke karam ki intiha hai.
- Agar koi burai ka irada kare aur ussey duniyavi khauf ke wajah se chor de to is pe ulama ka ikhtilaaf hai kay neiki likh de jati hai ya nahi.
- Agar koi burai ka pukhta irada kare aur kar nahi paya kisi beruni wajah se, to gunah likh diya jata hai.
- Agar koi burai ka irada kare aur us par amal bhi kare, to sirf ek burai likhi jati hai.

Allah ke azaab me izafa nahi hota, lekin insani neiki ke sawab me Allah ka fazl izafa kar sakta hai.